ادارہ

# افکار و تاثرات

## ۴۵ سالہ ''الحق'' اشاریہ ............ ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہانپوری

الحق کے صفحات میں جو علمی خزانے چھپے ہوئے تھے' انہیں اشاریے کی صورت میں اب سے بہت پہلے علمی دنیا پر واضح ہو جانا چاہیے تھا۔ اگر اس میں تاخیر ہوئی تو اس کی وجہ بھی تھی اور اب بھی یہ کام ہو گیا تو بہت خوب ہے۔ تحقیق کا موضوع کچھ بھی ہو اس کا ضروری مواد کا سامنے ہونا ضروری ہوتا ہے۔ تحقیق کیلئے اس کے معیار کے جتنی ضرورت وقت کی تحقیقات اور ان کی ضرورت پر ہوتی اس سے کہیں زیادہ گہری نظر ماضی کی تحقیقات پر ہونی چاہیے۔ اس کے بغیر حالیہ تحقیقات کے معیار اور مستقبل کی توقعات کا کوئی اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ الحق کے اشاریے نے تو آئندہ تحقیق کا دروازہ کھول دیا ہے۔ ایک ایک موضوع پر کم سے کم دہائیوں اور سینکڑوں حوالہ جات سے اسکالرز کے لئے استفادے کے دروازے کھول دیئے ہیں۔

اب اگر کوئی شائق چاہے تو الحق کے صفحات سے سینکڑوں بلند پایہ موضوعات و مسائل پر بلند پایہ مضامین و کتب کا ڈھیر لگا سکتا ہے۔ خدا شائقین کو یہ توفیق عطا فرمائے۔ میں اس کارنامے پر آپ کو مبارکباد دیتا ہوں۔ یہ فنی اعتبار سے بھی بہت معیاری ہے اس لئے کہ آپ کو اس کی ترتیب و تدوین کے لئے محمد شاہد حنیف جیسا صاحب ذوق اور ماہر نوجوان کی رفاقت میسر آ گئی۔...... میں گزشتہ ۶۔۷ ماہ سے صاحب فراش ہوں لکھنا پڑھنا تقریباً چھوٹ گیا ہے۔ کمزوریوں نے پکڑ لیا ہے۔ یہ مختصر خط کئی دن میں مکمل کیا ہے۔ قبلہ والد صاحب اور احباب واقفین کی خدمت میں سلام عرض ہے۔ خدا کرے آپ بھی بخیر و عافیت ہوں۔ خاکسار ابوسلمان (بنام راشد الحق سمیع)

## الحق اور اجتہاد کا تسلسل............ ایس ایم ظفر

ماہنامہ الحق باقاعدگی سے موصول ہو رہا ہے۔ اور میرے زیر مطالعہ ہے البتہ اشاریہ سے پتہ چلا کہ آپ اور آپ کا ادارہ کتنا فعال رہا اور وقت کے ساتھ کس قدر انصاف کرتا رہا موضوعات کا تنوع اور فتاوی کی تعداد مظہر ہے کہ ذہنی کاوش (اجتہاد کا عمل) مسلسل جاری رہا۔ اسی میں آپ کی صحت کا بھی راز ہے اور ہماری شریعت کا بھی یہی تقاضا ہے کہ عطا کردہ وقت کی صحیح قدر کی جائے۔ میری آپ کیساتھ سینٹ اور بیرونی ممالک جو دورے میں رفاقت رہی وہ نہایت خوشگوار اور یادگار ہے لاہور اگر وقت لیکر آئیں تو ایک محفل کیلئے جس میں چند دانشوران کو دعوت دے سکوں بروقت اطلاع دے سکیں تو یادیں تازہ ہو جائینگی۔ والسلام: ایس ایم ظفر (بنام مولانا سمیع الحق صاحب)

## الحق اشاریہ پر مبارکباد............ سعدیہ راشد' ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان

''الحق'' کا تازہ شمارہ ہم دست ہوا۔ اس بار آپ نے ''الحق'' میں شائع ہونے والے مقالات و نگارشات، کتابوں